SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 2, 2019

## مالیاتی خواندگی کو نئے نصاب تعلیم کا حصہ بنایا جائے گا: وزیر تعلیم شفقت محمود

اسلام آباد (2 مئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی نمو کے لئے ضروری ہے کہ نوجوان نسل کو مالیاتی خواندگی سے بہرہ مند کیا جائے اور انہیں مالی نظم وضبط، بچتوں کا رجحان اور سرمایہ کاری کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے۔ وہ سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان میں مالی خواندگی پر مرتب کی گئی کتاب 'سیونگ اینڈ کیپیٹل مارکیٹ' کی تقریب رونمائی سے خطاب کر رہے تھے۔

وفاقی وزیر نے عوام میں مالیاتی خواندگی، بچتوں کی اہمیت اور سرمایہ کاری کے بارے میں آگہی پیدا کرنے کے لئے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت تعلیمی معیار کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے تعلیمی نصاب کو از سر نو تشکیل دے رہی ہے اور مالی خواندگی کے موضوع کو نئے قومی تعلیمی نصاب کا حصہ بنایا جائے گا۔

کتاب کی رونمائی کی تقریب سے ایس ای سی پی کے چیئرمین فرخ سبزواری، ورلڈ بینک کے سینئر نمائندے ماریئس وسمانٹس اور ایس ای سی ی کی انویسٹر ایجوکیشن کی سربراہ خالدہ حبیب نے بھی خطاب کیا۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین فرخ سبزواری نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور محفوظ سرمایہ کاری وہی ہے جو کہ سوچ سمجھ کر کی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ سٹاک مارکیٹ کے بروکروں کے پاس سرمایہ کاروں کے اثاثوں کی تحویل کا ایک نیا نظام متعارف کروایا جا رہا ہے جو کہ زیادہ محفوظ اور شفاف ہے۔

فرخ سبزواری نے کہا کہ پاکستان میں کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی کل تعداد صرف ڈھائی لاکھ ہے۔ آک سے تیس سال پہلے یہ تعداد نوابے ہزار تھی یعنی سرمایہ کاروں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو سکا اور اسی لیے ایس ای سی پیٔ کے انوسٹر ایجوکیشن پروگرام، جمع پونچی کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے تا کہ لوگوں کو سرمایہ کاری کے قانونی طور پر دستیاب مواقع سے آگہی دی جائے اور انہیں ڈبل شاہ جیسے جعل سازوں سے محفوظ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ انوسٹر ایجوکیشن اس لئے بھی ضروری ہے کہ ایک سرمایہ کار کو معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کیا خرید رہا ہے، اس کی کیا ذمہ داریاں ہیں اور اسے کیا حقوق حاصل ہیں۔ فرخ سبزواری نے کہا کہ ہمیں اپنے لوگوں کو اس حد تک آگاہ کرنا ہے کہ انہیں معلوم ہو کہ ایک سیلز ایجنٹ انہیں کیا بیچ رہا ہے اور کوئی بھی ایجنٹ انہیں خواب دیکھا کر ان کی محنت کی کمائی سے محروم نہ کر دے۔

ورلڈ بینک کے سنئیر نمائندے ماریئس وسمانتھس نہ کہا کہ کیپیٹل مارکیٹ کے فروغ کے کئی منصوبوں پر ایس ای سی پی اور ورلڈ بینک مل کر کام کر رہے ہیں اور سیونگ اینڈ کیپیٹل مارکیٹ کے نام سے یہ کتاب ان میں سے ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی زندگیوں کو بہتر بنانے میں مالی خواندگی اہم کردار ادا کرتی ہے اور جتنی جلدی اہم اپنے نواجوں کو اس سے آگاہ کریں اور ان میں بچتوں اور سرمایہ کاری کی سوجھ بوجھ پیدا کریں، ملکی ترقی کے لئے اتنا ہی بہتر ہے۔

---

ایس ای سی پی کی ایگزیکٹوڈائریکٹر انوسٹر ایجوکیشن خالدہ حبیب نے شرکاء کو انوسٹر ایجوکیشن پروگرام جمع پونجی کے خدوخال کے بارے میں بتایا اور اس کتاب کے موضوعات سے آگاہ کیا۔

ایس ای سی پی کی صدر دفتر میں منعقدہ اس تقریب میں پاکستان سٹاک ایکس چینج کے مئنجنگ ڈائریکٹر رچرڈ مارگن، ایس ای سی پی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کے رکن ڈاکٹر طاہر منصوری، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے چیئرمین معین فدا، ہائر ایجوکیشن کمیشن کے پروگرام ڈائریکٹر احتشام راجہ اور ایس ای سی پی کے سنئیر حکام نے شرکت کی۔